A-PDF Watermark DEMO: Purchase from www.A-PDF.com to remove the watermark

# PUNJAB EXAMINATION COMMISSION
## EXAMINATION 2015, GRADE 8
## URDU PART - A (Objective Type)

MODEL PAPER

**Part A:48 marks, Part B:52 Marks, Total Marks:100**

صرف ممتحن کے استعمال کے لیے

| | |
|---|---|
| Total Marks MCQs | |
| Signature of Examiner | |
| Signature of Head Examiner | |

For official use only

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Student Name (in Capitals)** | | | | | | | | | |
| **Roll Number (In Figures)** | | | - | | | - | | | |

Superintendent Signature ______________________

**عمومی ہدایات:**

(1 تمام سوالات کا جواب دینا ضروری ہے۔
(2 طلبہ جواب دینے سے پہلے سوال کو غور سے پڑھ لیں۔
(3 کسی طالب علم کو سوالیہ پرچہ / جوابی کاپی کمرۂ امتحان سے باہر لے جانے کی اجازت نہیں ہے۔
(4 کثیر الانتخابی سوالات کے صحیح جواب پر کالی یا نیلی روشنائی سے دائرہ لگائیں۔
(5 ایک سے زیادہ نشانات والے سوالات کے نمبر نہیں دیے جائیں گے۔
(6 نیچے دی گئی مثال کے مطابق درست آپشن پر دائرہ لگائیں۔

مثال: 1۔ پاکستان کی قومی زبان ہے:

(a) کشمیری (b) سندھی (c) اُردو (d) پنجابی

Result.pk

**حصہ الف: کثیر الانتخابی سوالات** **کل وقت: 1 گھنٹہ**

**سوال نمبر 1۔ روزمرہ کے درست استعمال کی نشاندہی کریں۔**

(a) دس پندرہ لوگ دعوت میں آئے (b) تیرہ چودہ لوگ دعوت میں آئے
(c) دس گیارہ لوگ دعوت میں آئے (d) آٹھ نو لوگ دعوت میں آئے

**سوال نمبر 2۔ لالچ کے بارے میں مشہور کہاوت ہے:**

(a) لالچ بد بلا ہے (b) لالچ بڑی بلا ہے
(c) لالچ عجیب بلا ہے (d) لالچ بُری بلا ہے

**سوال نمبر 3۔ اچھے ذائقے والی چیز کو کہتے ہیں۔**

(a) خوش ذائقہ (b) ذائقہ (c) مضائقہ (d) ذوق

**سوال نمبر 4۔ "جواب دے دیا جائے گا۔" اس جملے کا فعل معروف کا جملہ ہے:**

(a) جواب دے دیا گیا (b) جواب دے دیا گیا ہے
(c) جواب دے دیا گیا تھا (d) ہم نے جواب دے دیا

**سوال نمبر 5۔** وفات پا جانے والے کے لیے محاورہ بولا جاتا ہے:

(a) روح پرواز کرنا　(b) روح اُڑ جانا
(c) روح جدا ہو جانا　(d) روح کا بدن کو چھوڑنا

**سوال نمبر 6۔** مختلف معانی والے ہم شکل الفاظ کے درست استعمال کی مثال ہے:

(a) یہ گھڑی بہت قیمتی ہے　(b) گھڑی گھڑی بولتے جا رہے ہو
(c) ہر گھڑی مشکل ہوتی جا رہی ہے　(d) گھڑی گھڑی، گھڑی کی طرف مت دیکھو

**سوال نمبر 7۔** کسی کو رخصت کرتے وقت ضرب المثل بولی جاتی ہے:

(a) یار زندہ دولت باقی　(b) یار زندہ محبت باقی
(c) یار زندہ سہولت باقی　(d) یار زندہ صحبت باقی

**سوال نمبر 8۔** لفظ "طاہر" سے الفاظ کی ردیف وار ترتیب ہے:

(a) طاہر، راحت، تقدیر، رضا　(b) طاہر، ظاہر، ماہر، ساحر
(c) طاہر، اکرم، رحیم، مشرف　(d) طاہر، اطہر، طہور، طائر

**سوال نمبر 9۔** "صاحب" سابقہ سے بننے والے الفاظ کی فہرست ہے:

(a) جمال، خانہ　(b) عزت، تعلیم　(c) پھل، باغ　(d) زمین، ملازم

**سوال نمبر 10۔** درست کہاوت ہے:

(a) نو سو چوہے کھا کے بلی حج کو چلی　(b) نو سو چوہے کھا کے بلی شہر کو چلی
(c) نو سو چوہے کھا کے بلی باہر کو چلی　(d) نو سو چوہے کھا کے بلی گھر کو چلی

**سوال نمبر 11۔** "نویس" لاحقہ سے بننے والے الفاظ کی فہرست ہے:

(a) کامل، انجان　(b) عرضی، خوش　(c) حاجت، کتابت　(d) مضمون، شعر

**سوال نمبر 12۔** تجنیس معنوی کے لحاظ سے درست جملہ ہے:

(a) لوٹ کر دیکھا تو سانپ زمین پر لوٹ رہا تھا　(b) سانپ زمین پر لوٹتا ہے
(c) سانپ کو لوٹ کر مت دیکھو　(d) سانپ سر اٹھا کر دیکھتا ہے

Result.pk

☆ **مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوالات نمبر 13,14، 15، 16 اور 17 کے جوابات دیں۔**

ساری دنیا کے لیے، پیار کی پہچان بنو　جس پہ اللہ کرے ناز، وہ انسان بنو
کتنی قربانیاں دے کے، یہ وطن پایا ہے　پھول اُجڑے ہیں ہزاروں تو چمن پایا ہے

**سوال نمبر 13۔** درج بالا اشعار میں "پیار کی پہچان" کا مطلب ہے:

(a) اکٹھے رہو　(b) علیحدہ رہو　(c) مخالف رہو　(d) چُست رہو

**سوال نمبر 14۔** "اللہ کرے ناز" کا درست مفہوم ہے:

(a) اللہ ناراض ہو　(b) اللہ کا ذکر کرو　(c) اللہ رحم کرے　(d) اللہ خوش ہو

**سوال نمبر 15۔** درج بالا اشعار کے مطابق "چمن پایا" سے مراد ہے:

(a) باغ حاصل کیا　(b) ملک حاصل کیا　(c) کھانا حاصل کیا　(d) پیا حاصل کیا

**سوال نمبر 16۔** "پھول اجڑنا" کا مفہوم ہے:

(a) پھول جھڑ گئے　(b) پودے سوکھ گئے　(c) جانیں قربان کیں　(d) جانیں حاصل کیں

**سوال نمبر 17۔** درج بالا اشعار کا مرکزی نکتہ ہے:

(a) اتحاد و محبت　(b) اتحاد اور دشمنی　(c) اتحاد اور خوف　(d) اتحاد اور نفاق

☆ **مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوالات نمبر 18، 19، 20، 21 اور 22 کے جوابات دیں۔**

اپنے لیے تو جانور اور پرندے بھی جیتے ہیں۔ اشرف المخلوقات ہونے کے ناتے ہمارا فرض ہے کہ ہم دوسروں کے زیادہ سے زیادہ کام آئیں۔ درحقیقت مخلوقِ خدا کے کام آنے میں ہی زندگی کا اصل مزہ ہے۔ خوش گوار اور پُرسکون زندگی بسر کرنے کے لیے ضروری ہے کہ افرادِ معاشرہ میں حسنِ سلوک، سخاوت اور ایثار کے جذبات بدرجہ اُتم موجود ہوں۔ ایسا معاشرہ جس میں ہر انسان دوسرے کی ضروریات کا خیال رکھے، اس زنجیر کی مانند ہوتا ہے جس کی کڑیاں باہم مربوط

ہوتی ہیں۔ بصورت دیگر معاشرے کا شیرازہ بکھر جاتا ہے۔ ایک دوسرے کے دُکھ درد کو محسوس کرنا اور اس کا مداوا کرنا ایسا فعل ہے جو انسان کو فرشتوں سے بلند اور ممتاز کرتا ہے۔

**سوال نمبر 18۔ زنجیر کی کڑیاں ------ مربوط ہوتی ہیں:**

(a) باہم (b) مضبوط (c) نرم (d) کمزور

**سوال نمبر 19۔ حسن سلوک، سخاوت اور ایثار کے جذبے سے زندگی ہوتی ہے:**

(a) تصوراتی (b) پُرعیش (c) خوش گوار (d) خواب جیسی

**سوال نمبر 20۔ اشرف المخلوقات کا مطلب ہے:**

(a) مخلوق میں افضل (b) خلق خدا (c) تخلیقات (d) اشراف

**سوال نمبر 21۔ مخلوق خدا کے کام آنے میں زندگی کا ہے:**

(a) عمل دخل (b) امتحان (c) دلچسپی (d) اصل مزہ

**سوال نمبر 22۔ انسان کو فرشتوں سے ممتاز کرتا ہے:**

(a) دوسرے کے دکھ کا احساس (b) تعلیمی کامیابیاں

(c) اختیارات کا حصول (d) بڑا عہدہ

☆ **مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوالات نمبر 23، 24، 25، 26 اور 27 کے جوابات دیں۔**

سائنسی علوم میں بنیادی مقصد نئی ایجادات اور دریافتیں ہیں، جن کے ذریعے سے دنیا کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے اور زندگی گزارنے کے نت نئے وسائل مہیا کیے جاتے ہیں۔ سائنسی علوم انسانوں کو روزمرہ زندگی گزارنے کے آداب اور طریقوں سے آگاہ نہیں کرتے، کیوں کہ یہ اُن کے دائرہ کار سے باہر ہیں، یہ کام ادب کرتا ہے اور انسانوں کو روزمرہ زندگی گزارنے کے آداب سے آشنا کرتا ہے۔ انسان ادب کے مطالعے کے بعد پھر سے تازہ دم ہو کر اُمور زندگی نمٹانے کے قابل ہو جاتا ہے۔

**سوال نمبر 23۔ درج بالا عبارت کے مطابق سائنسی علوم کا مقصد ہے:**

(a) فصلیں اُگانا (b) بیماریوں کا علاج کرنا

(c) جانوروں کی حفاظت (d) نئی ایجادات کرنا

**سوال نمبر 24۔ "ترقی کی راہ پر گامزن کرنا" سے مراد ہے:**

(a) امن وسکون (b) انتشار پھیلانا

(c) ترقی کی راہیں تلاش کرنا (d) محبت پیار

**سوال نمبر 25۔ زندگی کے آداب سکھاتا ہے:**

(a) جغرافیہ (b) ادب (c) سائنس (d) ریاضی

**سوال نمبر 26۔ انسان تازہ دم ہو جاتا ہے:**

(a) ادب کے مطالعہ سے (b) سائنس کے مطالعہ سے

(c) تاریخ کے مطالعہ سے (d) فلکیات کے مطالعہ سے

**سوال نمبر 27۔ درج بالا پیراگراف کا عنوان ہے:**

(a) ادب اور معاشرہ (b) ادب اور سائنس

(c) ادب اور زندگی (d) ادب برائے ادب

☆ **مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوالات نمبر 16، 17، 18، 19 اور 20 کے جوابات دیں۔**

تمام طلبہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سکول میں تقریری مقابلہ بعنوان "مفکر پاکستان: علامہ اقبال"، ۲۸ فروری ۲۰۱۵ء کو منعقد کیا جائے گا۔ ضلعی تعلیمی افسر مہمان خصوصی ہوں گے۔ پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء کو انعامات سے نوازا جائے گا۔ بعد ازاں کلام اقبال ترنم سے پیش کیا جائے گا۔

**سوال نمبر 28۔ تقریری مقابلہ منعقد ہوگا:**

(a) ۲۵ فروری کو (b) ۲۶ فروری کو (c) ۲۷ فروری کو (d) ۲۸ فروری کو

**سوال نمبر 29۔ تقریری مقابلے کا عنوان ہے:**

(a) قومی شاعر علامہ اقبال (b) مفکر پاکستان علامہ اقبال

Result.pk

(c) پیغام اقبال (d) کلام اقبال

**سوال نمبر 30۔ کلام اقبال سے مراد ہے:**

(a) علامہ اقبال کے مضامین (b) علامہ اقبال کے خطوط

(c) علامہ اقبال کا مکالمہ (d) علامہ اقبال کی شاعری

**سوال نمبر 31۔ "ترنم سے پیش کرنا" کا مفہوم ہے:**

(a) گا کر پڑھنا (b) دیکھ کر پڑھنا (c) مل کر پڑھنا (d) انفرادی پڑھنا

**سوال نمبر 32۔ تقریری مقابلہ منعقد کرنے کا مقصد ہے:**

(a) وطن سے محبت (b) وطن کی خدمت

(c) فکر اقبال کا فروغ (d) تفریح فراہم کرنا

---

**جوابات:**

| سوالات | Key | سوالات | Key |
|---|---|---|---|
| 1 | a | 17 | a |
| 2 | d | 18 | a |
| 3 | a | 19 | c |
| 4 | d | 20 | a |
| 5 | a | 21 | d |
| 6 | d | 22 | a |
| 7 | d | 23 | d |
| 8 | a | 24 | c |
| 9 | b | 25 | b |
| 10 | a | 26 | a |
| 11 | b | 27 | b |
| 12 | a | 28 | d |
| 13 | a | 29 | b |
| 14 | d | 30 | d |
| 15 | b | 31 | a |
| 16 | c | 32 | c |

Result.pk